نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

فصل بیمہ (تکافل) پروگرام کے تحت فصلات ربیع 2022-23 اور خریف 2023 کی رجسٹریشن کا عمل جاری

لاہور: 11 نومبر 2022 ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق ناگہانی وجوہات کی وجہ سے کسانوں کو بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑتا ہے اور ان کی محنت برباد ہوکر رہ جاتی ہے۔معاشی طور پر کاشتکاروں کو استحکام دینے کیلئے اور انہیں تحفظ فراہم کرنے کی خاطر حکومت پنجاب کسانوں کیلئے فصل بیمہ (تکافل) سکیم کا دائرہ کار 2020-21 میں کاشتکاروں کے مفاد کے پیش نظر مجموعی طور پر 27 اضلاع تک بڑھایا گیا ہے۔اس ضمن میں ضلع شیخوپورہ،ساہیوال،لودھراں،رحیم یار خان،فیصل آباد، ملتان،مظفرگڑھ،نارووال،راجن پور،بھکر،ڈی جی خان،قصور،خانیوال،لیہ،منڈی بہاؤالدین،بہاولنگر،بہاولپور،اوکاڑہ،وہاڑی، خوشاب،جھنگ،چنیوٹ،پاکپتن،ٹوبہ ٹیک سنگھ،سرگودھا،میانوالی اور حافظ آباد کے کاشتکار کپاس،گندم،سورج مکھی اور کینولہ کے کاشتکاروں کو موسمیاتی تبدیلی،قدرتی آفات اور ٹڈی دل کے ازالہ کے لئے بیمہ پروگرام کی رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس سکیم کے تحت 5 ایکڑ اراضی کے کاشتکاروں کے لئے بیمہ کے پریمیم پر 100 فیصد سبسڈی جب کہ 5 سے 25 ایکڑ کے کاشتکاروں کو 50 فیصد سبسڈی دی جارہی ہے۔اس ضمن میں شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے آن لائن سسٹم بھی متعارف کروایا گیا ہے۔فصلوں کی بیمہ (تکافل) سکیم کے اجراء کا مقصد کاشتکاروں کو مالی تحفظ فراہم کرنا ہے۔اس ضمن میں فصلات کی رجسٹریشن کرانے والے کاشتکاروں کو پالیسی سرٹیفکیٹس جاری کئے جاتے ہیں اور انہیں ایس ایم ایس کے ذریعہ آگاہ بھی کیا جاتا ہے۔یاد رہے، پنجاب فصل بیمہ کا اطلاق صرف تحصیل کی سطح پر حاصل ہونے والے پیداوار کے اعداد و شمار پر ہوگا جو محکمہ کراپ رپورٹنگ سروس جاری کرے گا۔اس ضمن میں رجسٹریشن کے خواہشمند کاشتکار زراعت (توسیع / کراپ رپورٹنگ) کے مقامی دفاتر یا http://cropinsurance.punjab.gov.pk کے ذریعے مفت رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔مزید معلومات کے لئے کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر 042-99330381 پر رابطہ کرسکتے ہیں

☆☆☆☆☆